بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

نیلامی نوٹس برائے ٹھیکہ کینٹین

تعلیمی بورڈ فیصل آباد کی کینٹین مورخہ 30.06.2027 تک ٹھیکہ پر دیئے جانے کی اوپن بولی مورخہ 18.05.2026 وقت 12:00 بجے دفتر ہذا کے میٹنگ روم میں درج ذیل شرائط پر ہو رہی ہے۔ خواہش مند حضرات بروقت زیر دستخطی کے دفتر حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اگر اس تاریخ کو بولی مکمل نہ ہو سکی تو دوبارہ مورخہ 25.05.2026 کو بولی ہو گی۔ اگر مذکورہ تاریخ کو بھی بولی مکمل نہ ہو سکی تو مورخہ 02.06.2026 کو دوبارہ بولی ہو گی۔

شرائط

1۔ دستاویزات نیلامی/ قواعد وضوابط برائے کینٹین دفتر ہذا کی اسٹیٹ برانچ سے مبلغ -/1000 روپے کے عوض حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ رقم دفتر ہذا کے بنک اکاؤنٹ میں جمع کروانی ہو گی اور بنک چالان اسٹیٹ برانچ کو فراہم کرنا ہو گا۔ کسی قسم کی کوئی رقم دستی وصول نہ کی جائے گی۔

2۔ بولی میں حصہ لینے کے خواہش مند حضرات نیلامی دستاویزات مورخہ 18.05.2026 کو قبل از دوپہر 11:30 بجے تک بمعہ CDR سیکرٹری پرسنل سٹاف میں جمع کروانے/ پہنچانے کے پابند ہوں گے۔ بولی کا عمل 12:00 بجے دوپہر شروع ہو گا۔ بولی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات کو دستاویزات لازمی جمع کروانی ہو گی بصورت دیگر وہ بولی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

3۔ تمام یوٹیلیٹی بلز بجلی/ گیس/ پانی/ سیوریج بشمول گورنمنٹ ٹیکسز بذمہ ٹھیکیدار ہوں گے۔

4۔ کینٹین پر فروخت ہونے والی اشیاء کے نرخ کینٹین کمیٹی مقرر کرے گی۔ نرخ میں کمی بیشی مہنگائی کے تناسب سے کمیٹی کی منظوری سے کی جا سکے گی۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی رقم یکمشت بشمول ٹیکسز بولی کے دن سے 7 یوم کے اندر اندر جمع کروانی ہو گی۔

6۔ چیئرمین کو کسی بھی بولی کو بغیر وجہ بتائے مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہو گا۔

7۔ ٹھیکیدار کسی بھی سرکاری و نیم سرکاری ادارہ کا نادہندہ نہ ہو اس امر کا اسے سرٹیفکیٹ جمع کروانا ہو گا۔ غلط بیانی کی صورت میں اسے نااہل قرار دینے کے ساتھ ساتھ اس کی جمع شدہ رقم بھی ضبط کر لی جائے گی۔

ڈاکٹر حبیب الرحمان

سیکرٹری

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

CamScanner